# 13۔ احکام کی تعلیم

**ماڈل پیپر** 1          سلیبس: مقدمہ، سبق نمبر 1تا12          (تحریری امتحان 20+ شفاھی امتحان 5 : کل نمبر 25)

☆ **درج ذیل سوالات میں سے کوئی دس سوالات کے جوابات تحریر کریں:**

**1**۔ اس وقت فقہ کی تعلیم دینی مدارس میں کون کون سے تین مراحل میں تقسیم ہے؟

**2**۔ احکام سے کیا مراد ہے اور ان کی کون کون سی اقسام ہیں مثالوں سے وضاحت کریں؟

**3**۔ احتیاط واجب اور احتیاط مستحب میں فرق بیان کریں؟

**4**۔ دنیا میں وہ کون سی 11 چیزیں ہیں جن کے علاوہ باقی تمام چیزیں پاک ہیں، نیز نجاسات کی مختصر وضاحت بھی کریں؟

**5**۔ درج ذیل مسئلوں میں سے کون سا مسئلہ نجس کے حکم میں ہے اور کون سا پاک کے حکم میں، بیان کریں۔

(۱) انسان اور حرام گوشت حیوانات جو خون جہندہ رکھتے ہوں ان کا پیشاب یا پاخانہ نجس ہے یا پاک؟

(۲) حلال گوشت حیوان جیسے گائے بھیڑ وغیرہ کا پیشاب، پاخانہ؟

(۳) مکروہ گوشت حیوان جیسے گھوڑے اور گدھے وغیرہ کا پیشاب اور پاخانہ؟

(۴) حرام گوشت حیوانوں کی بیٹ جیسے کوّا؟

(۵) خون جہندہ نہ رکھنے والے حیوان کا مردار جیسے مچھلی؟

(۶) خون جہندہ رکھنے والے حیوان کے بے روح اجزاء جیسے بال، سینگ وغیرہ کا حکم اور روح والے اجزاء جیسے گوشت و چمڑا وغیرہ کا حکم؟

**6**۔ درج ذیل میں خون کا حکم بتائیں وہ پاک ہے یا نجس:

(۱) انسان اور ہر وہ حیوان جو خون جہندہ رکھتا ہو جیسے مرغ اور بھیڑ وغیرہ کا خون پاک ہے یا نجس؟

(۲) خون جہندہ نہ رکھنے والے حیوان جیسے مچھلی اور مچھر وغیرہ کا خون نجس ہے یا پاک؟

(۳) بعض اوقات انڈوں میں خون پایا جاتا ہے آیا وہ خون پاک ہے یا نجس، اس کے کھانے میں احتیاط واجب بیان کریں، یہ بھی بتائیں کہ اگر یہ خون انڈے کی زردی کے ساتھ ملنے پر زائل ہو جائے تو اس کے کھانے کا کیا حکم ہے؟

(۴) جو خون دانتوں کے درمیان (مسوڑوں) سے آتا ہے اگر لعاب دہن کے ساتھ مل کر زائل ہو جائے تو وہ پاک ہے یا نجس؟ اس صورت میں لعاب دہن کو نگلنے کا حکم بھی بتائیں؟

**7**۔ نجس چیزوں کو پانی سے پاک کرنے کا طریقہ بتائیں؟

**8**۔ نجس زمین یا نجس دیوار کو پاک کرنے کا طریقہ بیان کریں؟

**9**۔ وضو کے اعمال بیان کریں؟

**10**۔ وضو کے شرائط بیان کریں جن میں سے کسی ایک کے نہ ہونے پر وضو باطل ہو جاتا ہے؟

**11**۔ وضوء جبیرہ انجام دینے کا طریقہ بیان کریں؟

**12**۔ واجب غسل کتنے ہیں اور کون کون سے، نیز یہ بھی وضاحت کریں کہ مردوں اور عورتوں کے درمیان مشترک غسل کون سے ہیں اور عورتوں کے لیے مخصوص غسل کون سے ہیں؟

**13**۔ غسل کرنے کے دو طریقے ہیں، دونوں بیان کریں؟

**14**۔ تیمّم کا طریقہ اور اس کے صحیح ہونے کی شرائط بیان کریں؟

## شفاھی امتحان۔Viva

(1) 12 اسباق میں سے کوئی سے 10 سوالات پوچھے جائیں گے۔

(2) 5 سوالات جن کے جوابات ہاں یا نہ میں ہوں گے۔

# 14۔ علم فقہ

**ماڈل پیپر** نمبر1　　سلیبس : سبق نمبر1　　(تحریری امتحان 20+ شفاہی امتحان 5 : کل نمبر25)

☆ درج ذیل میں سے کوئی پانچ سوالات کے جوابات تحریر کریں:

**1**۔ قرآن وسنت کی اصطلاح میں لفظ "فقہ" سے کیا مراد ہے؟

**2**۔ علماء اسلام نے اسلامی تعلیمات کو کون سے تین حصوں میں تقسیم کیا ہے؟

**3**۔ آج کل کس علم کے جاننے والوں کو فقہا کہا جاتا ہے؟

**4**۔ حکم تکلیفی اور حکم وضعی سے کیا مراد ہے؟

**5**۔ احکام خمسہ تکلیفیہ سے کیا مراد ہے؟

**6**۔ درج ذیل سے کیا مراد ہے؟

(۱) واجب یا وجوب　　(۲) حرام یا حرمت　　(۳) مستحب یا استحباب

(۴) مکروہ یا کراہت　　(۵) مباح یا اباحہ

**7**۔ واجب عینی اور واجب کفائی سے کیا مراد ہے۔ مثالوں سے واضح کریں؟

**8**۔ واجب نفسی اور واجب مقدمی سے کیا مراد ہے۔ مثالوں سے واضح کریں؟

## شفاہی امتحان۔Viva

☆ کوئی 5 سوالات پوچھے جائیں گے۔

# 15۔ (i) فارسی زبان کا آسان قاعدہ (ii) تدریس زبان فارسی (حصہ اول)

**ماڈل پیپر** نمبر1　　(تحریری امتحان 20+ شفاہی امتحان 5 : کل نمبر25)

**سلیبس: (i) قاعدہ صفحہ ۴ تا ۱۹　(ii) تدریس.... حصہ اوّل مکمل**

**1**۔ فعل ماضی کی کل کتنی قسمیں ہیں اور کون کون سی؟

**2**۔ درج ذیل افعال میں سے کوئی دو کی ماضی مطلق معروف اور مجہول کی گردانیں مع ترجمہ و صیغے تحریر کریں؟

آورد۔ آمد۔ رفت۔نشست۔ استاد ۔ خورد۔ نوشید۔ آزمود۔ آمرزید۔ آزارید۔ برداشت۔

**3**۔ درج ذیل افعال میں سے کوئی دو کی ماضی قریب معروف و مجہول کی گردانیں مع ترجمہ و صیغے تحریر کریں؟

خواند۔ نوشت۔ افگند۔ آویخت ۔ آمیخت۔ ترسید۔ بست۔ کشاد۔ پُرسید۔ بخشید۔

**4**۔ درج ذیل افعال میں سے کوئی دو افعال کی ماضی بعید معروف و مجہول کی گردانیں مع ترجمہ و صیغے تحریر کریں؟

پخت۔ چشید۔ پذیرفت۔ جست۔ انداخت۔ اندیشید ۔ دانست۔ پرورد۔ خواست۔ داد۔

**5**۔ درج ذیل افعال میں سے کوئی دو کی ماضی احتمالی معروف و مجہول کی گردانیں مع ترجمہ و صیغے تحریر کریں؟

آغازید۔ تراشید۔ پاشید۔ فہمید۔ خندید۔ دزدید۔ شناخت۔ ستود۔ طلبید۔ فرستاد

**6**۔ درج ذیل افعال میں سے کوئی دو کی ماضی استمراری معروف و مجہول کی گردانیں مع ترجمہ و صیغے تحریر کریں؟

بُرد۔ بُرید۔ پسندید۔ بہخاست۔ پچید۔پیمود۔ دید۔ رسانید۔ زد۔ سپرد۔

**7۔** درج ذیل افعال میں سے کوئی دو کی ماضی تمنائی معروف و مجہول کی گردانیں مع ترجمہ و صیغے تحریر کریں؟

فروخت۔ کرد۔ کاشت۔ گذاشت۔ کُشت۔ گرفت۔ یافت۔

**8۔** درج ذیل الفاظ کے اردو میں معانی بیان کریں؟

ماهی۔ شانہ۔شتر۔چاه ۔گربہ۔ کبریت۔ اتو۔ کیف ۔توپ ۔ کیست ۔ آیا۔ کہ۔

**9۔** درج ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں:

(۱) سیب شیرین است۔　(۲) بچہ بیمار بود۔
(۳) معلم مہربان گردید۔　(۴) مرد زخمی شد۔
(۵) **درخت** سرسبز گشت۔　(۶) کتاب آنجا بود۔
(۷) چراغ روشن شد　(۸) آن چیست؟ آن کلاه است۔
(۹) این مرد کیست؟ ایف مرد آموز گار است　(۱۰) این زن کیست؟ این زن مریم است۔
(۱۱) آیا این میوه موز است؟ بلہ این میوه موز است۔
(۱۲) آیا این اردک است؟ نہ این اردک نیست۔

**10۔** درج ذیل جملوں کا فارسی میں ترجمہ کریں؟

(۱) وہ عورت کون ہے؟ وہ عورت فاطمہ ہے۔　(۲) مرد گم ہو گیا
(۳) یہ لڑکی کون ہے؟ یہ لڑکی طاہرہ ہے۔　(۴) گھڑی گم ہو گئی۔
(۵) کیا یہ سائیکل ہے؟ جی ہاں یہ سائیکل ہے۔　(٦) یہ کیا ہے؟ یہ اخبار ہے۔
(۷) کیا یہ کتاب ہے؟ ہاں یہ کتاب ہے۔　(۸) کیا یہ جانور شیر ہے؟ جی نہیں، یہ جانور شیر نہیں ہے، ریچھ ہے۔

**11۔** اردو میں ترجمہ کریں؟

(۱) دانشجوئی کامیاب شد۔　(۲) باغبانی پیر شد۔　(۳) اتوئی گم شد۔
(۴) گربہ ای گرسنہ بود۔　(۵) پلنگ حیوانی است۔　(۶) قوری ظرفی است۔
(۷) این یک اتو است۔　(۸) نانوائی زخمی شد۔　(۹) یک چراغ خاموش شد۔
(۱۰) حسن راننده ای است۔

**12۔** فارسی میں ترجمہ کریں؟

(۱) ایک ماں بوڑھا ہو گیا۔　(۲) لاہور ایک شہر ہے۔　(۳) ایران ایک ملک ہے۔
(۴) کیلا ایک پھل ہے۔　(۵) بوستان ایک کتاب ہے۔　(٦) ایک طالب علم زخمی ہو گیا۔
(۷) ایک بچہ بھوکا تھا۔　(۸) چیتا ایک درندہ ہے۔　(۹) نرسیں۔　(۱۰) کلرکوں۔

**13۔** درج ذیل الفاظ کی جمع بنائیں؟

مرد۔ اسب۔ آقا۔ منشی۔ بچہ۔ قوطی۔ لیوان۔ فنجان۔ قاشق۔ هوا پیما۔

## شفاھی امتحان۔Viva

(1) گردانیں فعل معروف و مجہول

(2) فارسی سے اردو ترجمہ مع قواعد

(3) اردو سے فارسی ترجمہ مع قواعد

# 16- اسلامک مووی: **دی میسیج** (The Message)

**ماڈل پیپر** نمبر 1 سلیبس: پہلا چوتھائی حصّہ (تحریری امتحان 20 + شفاھی امتحان 5 : کل نمبر 25)

**1**۔ دی میسیج (The Message) کی کہانی کا تنقیدی جائزہ لیں؟

**2**۔ اس دور کے مکہ کے سیاسی، مذہبی اور تجارتی حالات پر تبصرہ کریں؟

**3**۔ مووی میں بیان کیے گئے درج ذیل کرداروں میں سے کوئی دو کا اپنے الفاظ میں جائزہ لیں:

ا۔ حضرت محمد ﷺ ۲۔ حضرت علی علیہ السلام ۳۔ حضرت ابو طالب علیہ السلام ۴۔ حضرت امیر حمزہ علیہ السلام

**4**۔ درج ذیل موضوعات میں سے کوئی دو پر مختصر نوٹ لکھیں:

ا۔ حضرت ابو طالبؑ اور حضرت زیدؓ کے درمیان غار حرا کے بارے میں مکالمہ

۲۔ حضرت بلالؓ اور دیگر جانثاروں پر تشدد

۳۔ اسلام کا ظاہری پیغام

۴۔ حضرت عمارؓ کے والدین کی شہادت

۵۔ حبشہ کے عیسائی بادشاہ نجاشی کا دربار

## **شفاھی امتحان**۔Viva

☆ کوئی 5 سوالات پوچھے جائیں گے۔